سے اخبار بہتر ہے۔

"ہندوستان" بمبئی زیرادارت مولانا رئیس احمد صاحب جعفری ندوی، تقطیع ۲۲×۲۶ صفحات ۶ قیمت سالانہ ؏، فی پرچہ ار کاغذ معمولی، کتابت اور طباعت متوسط۔ ملنے کا پتہ:۔ روزنامہ "ہندوستان" ٹیکراسٹریٹ بمبئی ۸

مولانا رئیس احمد صاحب جعفری پرانے اخبار نویس ہیں۔ اور اپنی عمدہ تصنیف "سیرت محمد علی" کے باعث اُردو خواں طبقہ میں کافی روشناس ہیں۔ آپ مدت تک اخبار "خلافت" کی ادارت کے فرائض انجام دیتے رہے، وہاں سے تعلق منقطع کرنے کے بعد آپ کئی ماہ سے روزنامہ "ہندوستان" نکال رہے ہیں، یہ اخبار تازہ بہ تازہ خبریں بہم پہنچانے میں نمایاں مقام رکھتا ہے۔ خبروں کے اہتمام کے علاوہ ہر اشاعت میں ایک نہ ایک مسلسل اصلاحی اور معاشرتی بھی ہوتا ہے جو زبان و بیان اور خیالات کے اعتبار سے ہر سنجیدہ مذاق شخص کے پڑھنے کے لائق ہوتا ہے۔ البتہ ہم اپنے محترم دوست سے یہ ضرور عرض کرینگے کہ قوم میں سیاسی اور دماغی بیداری پیدا کرنے کی غرض سے ہر قومی اخبار کا یہ فرض ہونا چاہیے کہ وہ ملک کے سیاسی معاملات پر جذبات سے الگ رہتے ہوئے غیر جانبدارانہ تبصرہ کرے۔ صحافتی عظمت کا تقاضا ہے کہ وہ صرف کسی ایک پارٹی کی ترجمانی کے بجائے ملک کے سیاسی حالات پر بالکل آزاد تنقید کرے۔ تاکہ تمام پارٹیاں اس تنقید کی روشنی میں اپنے پروگرام اور عمل کی اصلاح کرسکیں، مولف رئیس احمد صاحب کی بیک وقت "ندویت و جامعیت" سے توقع ہے کہ ہماری اس مخلصانہ گذارش پر غور فرمائینگے۔ "م"

کتابیں

پھول اور کانٹے از گوپال متل صاحب بی اے۔ ناشر مکتبہ اُردو لاہور صفحات ۱۴۰ سائز ۲۰×۲۶